

نوٹس

# 2

# کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کی اقسام

## 2.1 تعارف

پچھلے سبق میں آپ نے کتب خانے کی سماج میں ضرورت، اہمیت اور کاموں کے بارے میں واقفیت حاصل کی آپ نے پڑھا کہ سماج کی سماجی ومعاشی، ثقافتی، اور تعلیمی ترقی میں کتب خانے ایک اہم رول ادا کرتے ہیں۔ کتب خانے لوگوں میں پڑھنے کی صلاحیت کو مضبوط کرتے ہیں۔ کتب خانہ خدمات لوگوں میں مثبت قوت نمو کے لیے ان کے علم اور ہنر مندی میں بہتری پیدا کرتے ہیں اور اس طرح قومی ترقی میں اپنا رول ادا کرتے ہیں۔ دنیا بھر میں مختلف قسم کے کتب خانے ہیں۔ اس سبق میں آپ مختلف قسموں کے کتب خانوں اور ان کے کاموں کے بارے میں پڑھیں گے۔ ہم ہر قسم کے کتب خانوں پر ان کی مثال کے ساتھ گفتگو کریں گے۔

## 2.2 مقاصد

اس سبق کے مطالعہ کے بعد آپ اس لائق ہو جائیں گے کہ:

- کتب خانوں کے اقسام کو، عوامی، تعلیمی، مخصوص نوعیت اور قومی کتب خانوں کی شناخت کرسکیں گے؛
- کتب خانوں کو اقسام میں بانٹنے کے پیمانہ (قارئین، ذخیرہ علمی مواد، خدمات) کی وضاحت کرسکیں گے؛
- ہر قسم کے کتب خانہ کے مقاصد، کام اور خدمات کو مثال کے ساتھ سمجھا سکیں گے؛



نوٹس

- مختلف سطح کے تعلیمی اور عوامی کتب خانوں کی فہرست مرتب کر سکیں گے؛
- ہر قسم کے کتب خانوں کی مثالیں دے سکیں گے؛

## 2.3 کتب خانوں کے اقسام

کتب خانے درج ذیل چار اقسام میں رکھے جاسکتے ہیں: تعلیمی ،عوامی ،خصوصی اور قومی کتب خانے، عوامی کتب خانے دور حاضر کے معلوماتی سماج کے حوالے سے عام لوگوں کی خدمت کرتے ہیں۔ تعلیمی کتب خانے جو تعلیمی اداروں کا حصہ ہوتے ہیں اور جو پرائمری اسکول سے شروع ہوکر یونیورسٹی کی سطح تک جاتے ہیں۔خصوصی کتب خانے معلومات کے مواد کی ضرورت کے پیش نظر تحقیق اور ترقی ،تجارت وصنعت وغیرہ کی ہوتی ہیں۔ایک قومی کتب خانہ ایک قوم سے متعلق اورایک قوم کی جملہ مطبوعات حاصل کرتا ہےاور یہ عمل ایک قانون کے تحت کیا جاتا ہے۔مختلف قسم کے کتب خانے قارئین کی تعداد میں اضافہ، جملہ مضامین میں موجود معلوماتی مواد میں بڑی تعداد میں اضافہ اور قارئین کی مختلف قسم کی خدمات کے لیے بڑھتی ہوئی مانگ کی بدولت وجود میں آئے ہیں۔

آنے والے حصوں میں آپ ہر قسم کے کتب خانوں کے سلسلے میں ان کے ضرورت، مقاصد، کام اور خدمات کے بارے میں پڑھیں گے۔



## 2.1 متن پر مبنی سوالات

1۔ کتب خانوں کے اقسام میں تقسیم کرنے کی وجوہات بتائیں؟

2۔ قارئین کی ضرورتوں کی تسکین کے لیے کون سے مختلف اقسام کے کتب خانوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

## 2.4 عوامی کتب خانے

ایک عوامی خانہ ایک سماجی ادارہ ہوتا ہے۔ یہ سماج کی بہبود میں ایک نمایاں رول ادا کرتا ہے۔عوامی کتب خانہ کے وجود میں آنے کے کتب کئی عوامل ہیں، جو درج ذیل ہیں:

- عوام کی علم حاصل کرنے کی خواہش
- تعلیم خود کے ذریعہ تعلیمی سطح میں بہتری



نوٹس

## کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

- معلومات کے تشہیری مرکز
- تاعمر کے مرکز کی ضرورت
- سماج کا دانشورانہ مرکز
- ایک تفریحی مرکز
- سائنس وٹکنالوجی میں پیش رفت

### 2.4.1 ایک عوامی کتب خانہ کی تعریف

عوامی کتب خانہ ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جس کو عوام کے لیے قائم کیا جاتا ہے۔اور جو بنیادی طور پر سرکاری مد پر منحصر ہو۔ دوسرے لفظوں میں ایک عوامی کتب خانہ عوام کے لیے عوام کے ذریعہ اور عوام کا ہوتا ہے۔ یہ ہر شہری کو بلاتفریق پیدائش، ذات، رنگ، صنف، سماجی معاشی اور تعلیمی معیار اور بغیر کسی خرچ کے خدمت فراہم کرتا ہے۔ ہر طرح کے کتب خانے عموماً پانچ قسم کے استعمال کے لیے ہوتے ہیں، یعنی تعلیم، معلومات، تفریح، جمالیاتی ذوق اور تحقیق کے کام۔ مثال کے طور پر تعلیمی کتب خانے بنیادی طور پر تعلیم وتحقیق کے لیے استعمال ہوتے ہیں کتب خانے۔ معلومات اور تحقیق کے لیے ہوتے ہیں لیکن عوامی کتب خانوں میں افراد پانچوں کاموں کے لیے جاتے ہیں۔

**عوامی کتب خانے سے متعلق یونیسکو کا مینی فیسٹو**

یونیسکو نے ممبر ملکوں کے واسطے 1949 ایک عوامی کتب خانہ منشور مرتب کیا جس میں 1972 میں ترمیم کی گئی۔ اس کے بعد 1994 میں اس نے بین الاقوامی فیڈریشن برائے لائبریری/ایسوسی ایشنز اینڈ انسٹی ٹیوشنز (IFLQ) کی مدد سے عوامی کتب خانہ منشور تیار کیا۔ اس منشور کو وسیع پیمانہ پر دنیا کے تمام ممالک قبول کرتے ہیں۔ یہ عوامی کتب خانہ کے مقاصد، سرگرمیاں اور خدمات کے لیے فنڈ، قانون اور ان کے باہم رابطہ نظام، ان کے چلانے اور انتظامات اور اس پر عمل درآمد کے لیے پیش کرتا ہے۔ اس نے عوامی کتب خانہ کے مشن کو واضح کر دیا۔ یہ ذیل میں دیے جارہے ہیں۔

**عوامی کتب خانہ کے مقاصد**

درج ذیل بنیادی مقاصد جو معلومات، پڑھنے کی صلاحیت، تعلیم اور ثقافت سے تعلق رکھتے ہیں عوامی کتب خانہ خدمات کے مرکزی پہلو ہونے چاہئیں:

1۔ بچوں میں ابتدائی عمر سے پڑھنے کی عادت پیدا کرنا اور اسے مستحکم بنانا
2۔ فردی اور تعلیم خود دونوں کے ساتھ سبھی سطحوں پر رسمی تعلیم کی معاونت کرنا
3۔ ذاتی تخلیقی صلاحیتوں کے فروغ کے مواقع فراہم کرنا

4۔ بچوں اور نو جوانوں ،غور وفکر اور تخلیقی صلاحیت کو ابھارنا۔

5۔ ثقافتی ورثہ سے واقفیت آرٹ ،سائنسی ترقی اور اور اختراعات کی قدر شناسی

6۔ سبھی اقسام کے پرفارمنگ آرٹس کے اظہار تک رسائی فراہم کرنا

7۔ بین ثقافت گفتگو کو پروان چڑھانا اور ثقافتی بوقلمونی کی حمایت کرنا

8۔ سینہ بہ سینہ روایات کی حمایت کرنا

9۔ کمیونٹی سے متعلق ہر طرح کی معلومات تک شہریوں کی دسترس کو یقینی بتانا

10۔ مقامی کاروباری اداروں، ایسوسی ایشنوں اور مادی گروپوں کو مناسب معلوماتی خدمات فراہم کرنا

11۔ معلوماتی اور کمپیوٹر واقفیت کی صلاحیت کے فروغ میں سہولت بہم پہنچانا

12۔ ہر عمر کے لوگوں کے لیے تعلیم کے فروغ سے متعلق سرگرمیوں اور پروگراموں کی حمایت کرنا اور ان میں حصہ لینا اور اس طرح کے پروگراموں کو شروع کرنا۔

مختصر یہ کہ یونیسکو منشور برائے عوامی کتب خانہ میں یہ کہا گیا ہے کہ عوامی کتب خانوں سے خاص طور سے تین بنیادی علاقوں: معلومات ،تعلیم اور ثقافت کے میدانوں میں ادا کرنا چاہیے۔

- معلوم کا مرکز
- تعلیم خود کا مرکز
- ثقافتی مرکز
- مقامی ثقافتی مواد کا مرکز

### 2.4.2 عوامی کتب خانے کے مقاصد اور کام

عوامی کتب خانہ کے ایس۔آر۔رنگاناتھن کے ذریعہ واضح کیے گئے مقاصد اور کام ذیل میں دیے جاتے ہیں۔

(i) ہر فرد کو تمام عمر تعلیم خود کے عمل میں امداد دینا۔

(ii) ہر فرد کو سبھی مضامین میں تازہ ترین حقائق اور معلومات فراہم کرنا۔

(iii) سبھی ضبط تحریر میں آئی ہوئی معلومات کی تقسیم متوازی ڈھنگ سے غیر متعصّبانہ انداز میں شہریوں میں کرنا تا کہ وہ مقامی، قومی اور بین الاقوامی معاملات کے تئیں اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر سکیں۔

(iv) نئی معلومات کو محققین تک امکانی حد تک جلد پہنچا دینا۔

(v) ملک کے ثقافتی ورثہ کو محفوظ رکھنا۔

(vi) خالی اوقات کو منعفت بخش ڈھنگ سے خرچ کے لیے سہولت فراہم کرنا۔

(vii) جملہ مواد کے انچارج کی حیثیت سے شہریوں کی مسلسل سماجی بہتری کے لیے کام کرنا۔

عوامی کتب خانہ کے کاموں کا اختصار ذیل میں دیا گیا ہے:

## کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

نوٹس

بہت سے ممالک میں عوامی کتب خانہ نظام کے واسطے قوانین بنے ہیں اور یہ کتب خانے انتظامی ڈھانچہ اور جغرافیائی آبادی کی تقسیم کے پیش نظر اس طرح قائم کیے گئے ہیں کہ ہر فرد کوان تک پہنچنا ناممکن ہو سکے، تمام ریاستوں، شہروں اور دیہاتوں میں عوام کو کتب خانہ کی طرف راغب کرنے کے لیے اور پڑھنے میں ان کی دلچسپی کو بنائے رکھنے کی غرض سے کتب خانہ ثقافتی پروگرام منعقد کرتا ہے، مثلاً تقاریر، بحث ومباحثہ پروگرام ،فلم شو، موسیقی کے پروگرام ، ڈرامے اور آرٹ کی نمائش اور بچوں کے واسطے کہانی کے گھنٹے رکھے جاتے ہیں۔ یہ صرف کتابوں کے ذخیرہ کی حیثیت سے خدمت نہیں کرتے بلکہ ثقافتی مرکز کا رول بھی ادا کرتے ہیں۔

اس طرح ایک عوامی کتب خانہ ایک باخبر ماہر اور پیداواری صلاحیت کا حامل شہری بنانے میں ایک بہت اہم رول ادا کرتا ہے۔

عوامی کتب خانہ کی مثالیں

1۔ دہلی پبلک لائبریری
2۔ خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ
3۔ کونے مارا پبلک لائبریری، چنئی

### 2.2 متن پر مبنی سوالات

1۔ یونیسکو پبلک لائبریری منشور میں دیے گئے عوامی کتب خانے کے کاموں کا مختصراً شمار لکھیے ۔
2۔کیا آپ کے علاقہ/ریاست میں ایک عوامی کتب خانہ ہے اگر ہے تو اس کا نام لکھیں۔

## 2.5 تعلیمی کتب خانہ

کسی بھی تعلیمی ادارے میں لائبریری کے رول کو اس ادارے کے فلسفۂ تعلیم کے سیاق وسباق میں ہی سمجھا جاسکتا ہے۔ یہ بات دنیا کے تعلیمی اداروں کے بیشتر کتب خانوں کے لیے صحیح ہے۔تعلیم تو سیکھنے کا ایک عمل مسلسل ہے اور اس کا مقصد لوگوں میں صلاحیت پیدا کرنا ہے۔تعلیمی کتب خانے ، جو اسکول ، کالج اور یونیورسٹی کتب خانوں پر مشتمل ہوتے ہیں، عموماًان کو استعمال والوں کی تعداد چار قسم کا ہوتی ہے جن کا انحصار تعلیم کی اس سطح پر ہے جس کو وہ فراہم کرتے ہیں: یہ ہیں:

(a) طالب علم



نوٹس

(b) اساتذہ

(c) ریسرچ اسکالر

(d) انتظامی، پیداورانہ اور دیگر عملہ

(a)ان کے مقاصد، کام مالی وسائل، لیاقتیں، عہدے اور عملہ کی تعداد لائبریری کی قسم کے مطابق ہوتی ہے۔ کتابوں، رسائل حوالہ جاتی کتابوں اور دیگر کثیر میڈیا مواددوں کو جمع کرنا تعلیم، تدریس اور تحقیق کا ایک اٹوٹ حصہ ہے۔ مطالعاتی سہولیات کتابوں کی مستعاری اور حوالہ جاتی خدمات بھی ان لائبریریوں میں مختلف ہوتی ہیں۔

ایک تعلیمی کتب خانہ کے مقاصد درج ذیل ہیں:

- سماج کی تعلیمی ضروریات کی تکمیل
- جملہ اقسام کے لائق مطالعہ اور حوالہ جاتی مواد کا حصول اور ان کی ذخیرہ کاری
- قارئین کے لیے مطالعہ گاہ کی سہولت
- طالب علم، اساتذہ اور تحقیق کرنے والوں کے لیے ان کی ضرورت کے مطابق اجرائے کتب خدمت
- حوالہ جاتی اور معلوماتی خدمت کی بروقت فراہمی

تعلیمی کتب خانے تین درجوں میں رکھے جاتے ہیں:

1۔ اسکول کتب خانے

2۔ کالج کتب خانے

3۔ یونیورسٹی کتب خانے

### 2.5.1 اسکول کے کتب خانہ

ہندوستان میں اسکولوں کو ان کی تعلیم دینے کی سطح کے مطابق مزید چار گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے؛

پرائمری، مڈل، سکنڈری اور سینئر سکنڈری

اسکول کتب خانہ کے مقاصد

جملہ اقسام کے اسکولوں میں ایک کتب خانہ ہوتا ہے جن کے مقاصد ہیں:

کتابوں کے مطالعہ میں دلچسپی پیدا کرنا اور اسے قائم رکھنا؛

ان میں کتابوں کے لیے شوق پیدا کرنا؛

مطالعہ کی عادت کو پروان چڑھانا؛

غیر نصابی سرگرمیوں مثلاً کہانی کہنا، سمعی اور بصری پروگراموں کو دیکھنا اور ان پر بحث ومباحثہ کرنا، ورک شاپ وغیرہ کے ذریعہ ان میں مواصلاتی صلاحیت پیدا کرنا؛

اسکول کتب خانوں کے کام



نوٹس

طلباء کو کتب خانہ کی طرف متوجہ کرنے اور ان میں دلچسپی اور تجسس پیدا کرنے کی خاطر اسکول کتب خانہ کو چاہیے کہ:

وہ طلباء اور اساتذہ کے لیے پڑھنے اور پڑھانے کے مواد کا اچھا ذخیرہ کرے؛

کتابوں کی مضامین وار نمائش کرے؛

کام کے ماحول کے لیے مادی سہولیات جیسے عمارت، فرنیچر اور ساز و سامان فراہم کرے؛

سند یافتہ اور مختنی عملہ کا تقرر کرے؛

پرائمری : سکنڈری اور سینئر سکنڈری سطح کتب خانے تقریباً مذکورہ بالا جیسی توجہ کے ہی طالب ہوتے ہیں۔ اسکول کتب خانہ خدمات میں شامل ہیں:

اجرائے کتب

مطالعہ

حوالہ جاتی خدمات

رہنمائی اور مشاورتی خدمات جن کا مقصد بچوں میں کتابیں اور مطالعہ کے لائق دوسرے مواد پڑھنے میں دلچسپی پیدا کرنا ہے؛

اسکول کتب خانہ کی مثالیں

دہلی پبلک اسکول لائبریری، نئی دہلی

کولاچی ہنسراج ماڈل اسکول لائبریری، دہلی

## 2.3 متن پر مبنی سوالات

1۔ ایک اسکول کتب خانہ کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟

2۔ اسکولی بچوں کے لیے نئی کتابوں کی نمائش کیوں اہمیت رکھتی ہے؟

### 2.5.2 کالج کتب خانہ

کالج کی سطح پر نوجوان طلباء ان میں وسیع النظری پیدا کرکے؟؟؟ کرنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے لائبریری کی حمایت انتہائی اہم ضروری ہے۔ کالج میں تعلیم اسکولی تعلیم کے مقابلہ میں طلباء کے لیے بالکل مختلف ہوتی ہے۔ ہر کلاس روم میں طالب علموں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے اس لیے اساتذہ کے لیے ہر طالب

علم پر ذاتی توجہ کرنا ممکن نہیں ہے۔ طالب علموں کو اپنے مطالعہ کے لیے کالج کتب خانہ پر بھروسہ کرنا پڑتا ہے اور خود سے سیکھنے کی عادت بنانی پڑتی ہے۔ کالج کتب خانہ کو مزید چار زمروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

1۔ جونیر کالج

2۔ ڈگری کالج

3۔ پوسٹ گریجویٹ کالج

4۔ پیشہ ورانہ تعلیم کے کالج

کالج کتب خانہ کے مقاصد

ایک کالج کتب خانہ کے خاص مقاصد درج ذیل ہیں:

- داخل ہوئے طلباء کی مختلف مضامین کی وسیع تر اور ساتھ میں مزید گہرائی کے ساتھ سمجھ دینا؛
- طلباء کو اعلیٰ علوم کا مطالعہ اور اپنے آپ سے سمجھنے کی صلاحیت میں رہنمائی کرنا،
- طلباء کو اسکول، سرکاری دفاتر، شہریت کے ادارے، تجارتی نظام، صنعتی اور تجارتی کمپیون میں اعلیٰ سطحی ذمہ داری سنبھالنے کے واسطے تیار کرنا۔
- انھیں روشن خیال، صاحب علم اور ذمہ دار شہری بننے کے لیے تربیت دینا
- انھیں مختلف پیشوں قانون، میڈیکل، انجینئرنگ، ٹکنالوجی وغیرہ کے لیے تیار کرنا

## کالج کتب خانے کے کام

کالج کتب خانہ کے بنیادی کام ہیں:

- اپنے بانی ادارہ کے اساتذہ اور طلباء کی مطالعہ؛ تحصیل علم اور تحقیق کی ضروریات میں ادارہ کو مدد دینا؛
- مادی ضروریات مثلاً سبھی ضروریات سے مکمل ایک عمارت، فرنیچر، ساز وسامان وغیرہ مہیا کرنا
- مطالعہ کےء لیے نصابی اور حوالہ ذاتی کتابوں کے تازہ ترین ایڈیشن فراہم کرنا۔
- کتب خانہ میں وسیع اقسام کی حوالہ جاتی کتابیں مہیا کرنا؛
- مختلف مضامین میں شائع نئی کتابوں سے کتب خانہ کے ذخیرہ کو فروغ دینا اور رسائل کو مع ان کی گزشتہ جلدوں کے منگوانا؛
- مختلف اقسام کے اور کمپیوٹر پر مبنی تعلیم و تحصیل علم کے مواد منگوانا؛
- اہم اخبارات اور دوسرے بلکہ مطالعاتی مثلاً عوامی کہانیاں سوانح حیات، سیاحتی سفرنامے، آرٹ سے متعلق کتابیں فراہم کرانا جن کا مقصد طلباء کے لیے تفریحی مقصد کو پورا کرنا ہے۔
- طالب علموں کی مدد کے لیے گزشتہ سالوں کے امتحانات کے سوالات کے پرچے محفوظ رکھنا؛

## کالج کتب خانہ خدمات:



نوٹس



نوٹس

## کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

کالج کتب خانہ عملہ درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے:

- مطالعہ واجرائے کتب خدمات اور نصابی کتب خدمات؛
- طالب علموں کو کارڈ کٹیلاگ اور کمپیوٹرائز کٹیلاگ استعمال کرنے میں رہنمائی؛
- الماریوں سے عام کتابیں اور حوالہ جاتی کتابیں تلاش کرنے میں مدد؛
- کتب خانہ وسائل کو موثر اور باصلاحیت ڈھنگ سے استعمال کرنے کی تربیت اور ہدایت کی طلباء کو فراہمی
- کتب خانہ کے سبھی ممبران معلوماتی، حوالہ جاتی اور مشورہ جاتی خدمات فراہم کرنا
- نئی کتابوں اور ملٹی میڈیا موادوں کی فہرست کی نمائش؛
- وافر مقدار میں ملٹی میڈیا مواد اور ان ساز وسامان حاصل کرنا تاکہ انہیں لائق استعمال بنایا جاسکے؛
- ریپروگریفک نقل فراہمی خدمت

### کتب خانہ کمیٹی

- ہر کالج میں ایک کتب خانہ کمیٹی ہوتی ہے۔ اس کا چیرمین پرنسپل ہوتا ہے اور ممبر سکریٹری لائبریرین۔
- چند سینئر اساتذہ اور بیرونی ماہرین علم کتاب خانہ لائبریری کمیٹی کے دوسرے ممبر ہوتے ہیں۔
- کتب خانہ کے عام انتظامات کرنے کی ذمہ داری لائبریری کی ہوتی ہے جب کہ کتب خانہ کے فروغ سے متعلق جملہ پالیسی پر فیصلہ لینا لائبریری کمیٹی کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ کالج کتب خانہ کے مالیات کا بڑا ذریعہ یوجی سی، ریاستی حکومت سے ملنے والی گرانٹ، فیس اور طلباء سے لیے گئے جرمانہ کی رقم ہوتی ہے۔

### کالج کتب خانے کی مثالیں

1۔ لکشمی بائی کالج لائبریری، دہلی

2۔ کروڑی مل کالج لائبریری، دہلی

3۔ گورنمنٹ کالج آف ٹکنالوجی لائبریری، دہلی کوئمٹور

### 2.4 متن پر مبنی سوالات

1۔ ایک کالج کی کتب خانہ کمیٹی کے ممبران کون ہوتے ہیں؟

2۔ ایک کالج کتب خانہ کی کم از کم تین ایسی خدمات کے نام لکھیے جو اسکول کتب خانہ سے مختلف ہوتی ہیں:



نوٹس

### 2.5.3 یونیورسٹی کتب خانہ

ہندوستان میں 1947 کے بعد کے برسوں میں یونیورسٹیوں کی تعداد بہت تیز رفتاری سے بڑھی۔ یہ اضافہ طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد، تحقیق کے طلباء مختلف مضامین اور کثیر المضامین مضامین کے نصاب، نئے شعبہ جات کا قیام، تحقیق کے لیے پراجیکٹوں اور اساتذہ کی تعداد، سے ظاہر ہوتا ہے۔ یونیورسٹیوں کی مختلف مثلاً روایتی پیشہ ورانہ، قیاسی یونیورسٹی اور اوپن یونیورسٹیاں۔

ایک یونیورسٹی کتب خانہ کے قیام، انتظام وانصرام یورنیورسٹی کو اس کے پانچ بڑے کاموں میں امداد کے لیے ہوتا ہے مثلاً تعلیم اور تدریس، تحقیق اور نئے علوم کی افزائش، تحقیق کے نتائج کی ترویج، معلومات اور تصورات کا تحفظ اور توسیعی پروگرام منعقد کرنا، یونیورسٹی کتب خانوں کو طلباء، ریسرچ اسکالروں اور پوسٹ ڈاکٹروں ریسرچ اسکالروں، یونیورسٹی کے مینجمنٹ، انتظامیہ اور پیشہ ورانہ عملہ کے مختلف اداروں کے مطالبات کو پورا کرنے کے لیے ایک چنوتی بھرا اور دشوار رول ادا کرنا پڑتا ہے۔

### یورنیوسٹی کتب خانہ کے مقاصد

یونیورسٹی کتب خانہ یونیورسٹی کو اپنے ہدف اور مقاصد کے حصول میں سہارا اور مدد دے کر ایک اہم رول ادا کرتا ہے۔ اسے یورنیورسٹی کے مختلف کاموں ہیں سہارا دینا ہوگا، یونیورسٹی کتب خانہ کے مقاصد درج ذیل ہیں:

حکومت کے مختلف شعبوں میں اور صنعت وتجارت، صحت، انجینئر نگ، قانون، ڈاکٹری، دفاع، تعلیم کے میدانوں سے متعلق پیشہ ورانہ افراد کے لیے دانشورانہ انتظامی قیادت فراہم کرنا ہوتی ہے۔ اور ان کے درمیان میں سماجی مقصدیت کا ایک احساس پیدا کرنا ہے

مندرجہ بالا تمام میدانوں میں کام کررہے تحقیقی طلباء کی رہنمائی تاکہ وہ تحقیق سے حاصل نتائج کو کام میں لاکر عوام کی زندگی کی بہتر بناسکیں، اور

آئندہ نسلوں کے لیے علم اور تصورات کا تحفظ کیا جائے

### یونیورسٹی کتب خانہ کے کام

یونیورسٹی کتب خانہ کے خاص کام درج ذیل ہیں:

- تعلیم، تدریس، ریسرچ اور اشاعت کے لیے وسیع النوع مضامین کے بارے میں مطبوعہ اور میڈیا وسائل کا مجموعہ کرنا۔
- حاصل کیے گئے ذخیرہ علم کو قارئین کے مطالعہ کے لیے ترتیب دینا اور ان کا ذخیرہ کرنا
- مختلف اقسام کی کتب خانہ خدمات، اشاریہ سازی اور معلوماتی خدمات کو طلب پر بھی اور امتوقع طلب کے لیے منظّم کرنا؛ اور
- طلباء، ریسرچ، اسکالروں اور اساتذہ کو لائبریری کو ذہنی تسکین، خود دریافت، افزائش خود اور دانشورانہ



نوٹس

## کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

مہارت کو تیز کرنے کی جانب راغب کرنا۔

### یونیورسٹی کتب خانہ کی خدمات

لائبریری کے ذریعہ فراہم کردہ خدمات کی نوعیت وصلاحیت ہر لائبریری کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ معلوماتی اور ترسیلی ٹکنالوجی کے وجود میں آنے کے بعد بیشتر یونیورسٹی کتب خانوں کتب خانہ مینجمنٹ سافٹ ویر' کے استعمال کے ذریعہ اپنے کاموں کو خودکار بنالیا ہے اور اب انواع واقسام کی خدمات جو پہلے نہیں تھیں اب فراہم کی ہیں۔ یونیورسٹی کتب خانہ درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے:

- مطالعہ اور اجرائے کتب
- کتابیات مرتب کرنے کا طریقہ اور کتب خانہ خدمات سے واقفیت
- کتب خانہ کٹیلاگ کے استعمال اور دستاویزات کی دریافت میں مدد
- حوالہ جاتی اور معلوماتی خدمات
- تازہ علمی مواد وواقفیت فراہمی خدمات (کیس)
- تشہیر منتخب معلومات (ایس ڈی آئی)
- کتابیاتی خدمات
- بین کتب خانہ مستعاری خدمات
- نقل موادفراہمی (پیروگرافی) (Reprographic) خدمات
- اخبار کے تراشوں کا انتظام وانصرام
- پمفلٹ، نصاب، رپورٹیں اور گزشتہ سالوں کے پرچے وغیرہ کی عمودی فائیلوں کا بندوبست
- دستاویزات کو محفوظ کرنا
- خصوصی لیکچرز اور نئے سافٹ ویئر اور خدمات کا مظاہرہ
- قارئین کی آگہی کے لیے سیمینار اور ورک شاپ

### یونیورسٹی لائبریری کمیٹی

یونیورسٹی کتب خانہ کا افسر اعلیٰ چیف لائبریرین ہوتا ہے۔ کتب خانہ انتظام یونیورسٹی کے قوانین کے تحت ہوتا ہے۔ کتب خانہ نظام کی جانچ پڑتال یونیورسٹی کی تعلیمی کمیٹی اور انتظامی کمیٹی کرتی ہیں۔ ایک کتب خانہ مشاورتی کمیٹی تشکیل کی جاتی ہے جس کا صدر شیخ الجامعہ یا اس کا نامزد فرد ہوتا ہے۔ لائبریرین اس کا ممبر سکریٹری اور کنویز ہوتا ہے۔ کمیٹی کے ممبران یونیورسٹی فیکلٹی کے بعض سینئر اساتذہ لائبریری اور معلومات واطلاعات کے ماہرین اور کچھ اسکالر ہوتے ہیں۔ کتب خانہ اور معلوماتی سائنس فیکلٹی کے ماہرین اور چند ماہرین ہوتے ہیں۔

کتب خانہ کمیٹی، کتب خانہ نظام کے جملہ تعلیمی اور انتظامی امور کے لیے رہنما اصول اور پالیسیاں





مرتب کرتی ہے، کمیٹی لائبریرین کے ذریعہ مرتب کتب خانہ بجٹ کومنظور کرنے کے بعد اسے فنانس کمیٹی کو بھیجتی ہے۔کتب خانہ کے مالی اخراجات کا خاص ذریعہ یونیورسٹی ٹرانٹس کمیشن/سنٹرل اور ریاستی حکومتوں کی گرانٹ، طلباء سے حاصل فیس اور جرمانہ کی رقمیں وغیرہ ہوتی ہیں۔کمیٹی غیر معمولی تعداد میں کتابوں، رسائل، جرنلز، فرنیچر، سازوسامان، کمپیوٹروں اور کمیونیکشن ہارڈ ویئر اور سافٹ وئیر اور بڑے پیمانے پر دیئے گئے تحائف کے بارے میں مشورے دیتی ہے۔

**یونیورسٹی کتب خانہ کی مثالیں:**

1۔ دہلی یونیورسٹی کتب خانہ

2۔ جواہر لال نہرو یونیورسٹی کتب خانہ

3۔ مدراس یونیورسٹی کتب خانہ

## متن پر مبنی سوالات 1.5

1۔ یونیورسٹی کی اقسام بتایئے۔

2۔ یونیورسٹی کتب خانہ کے استعمال کنندہ کون ہوتے ہیں:

## 2.6 خصوصی نوعیت کتب خانہ

خصوصی کتب خانے بیسویں صدی میں وجود میں آئے ہیں۔ یہ ایک قارئین کے ایک مخصوص ایک طبقہ کے لیے ہوتے ہیں اس کے ذخیرۂ موادخصوصی مضامین کے ہوتے ہیں اور یہ خصوصی قسم کی خدمات فراہم کرتی ہے۔اس قسم کے کتب خانے کسی تنظیم کی ضرورت کے لیے بنائے جاتے ہیں جن کے ساتھ وہ منسلک ہوتے ہیں۔

یہ لائبریریاں عام طور سے ریسرچ اور فروغ سرگرمیوں سے متعلق ہوتی ہیں اور ہینڈ بکس، تکنیکی رپورٹوں ماہرانہ رپورٹوں، کتابیات، تازہ صورت حال سے متعلق رپورٹ، رسائل، فہرست، اقتباسات ڈائرکٹریز دستاویزی فہرستیں، اندراجاتی فہرستوں کے لیے وقف ہوتی ہیں۔

**خصوصی نوعیت کتب خانہ کی تعریف:**

ہیرڈ کی ''لائبریرینس گلوسری آف ٹرمس'' میں وضاحت کی گئی ہے کہ ''خصوصی لائبریری کتابوں اور دیگر



نوٹس

مطبوعۂ گرافکس اور درج شدہ موادوں کا وہ مجموعہ ہے جس کا تعلق علم کے ایک محدود میدان سے ہو۔ جسے دانشوروں کی ایک جماعت، تحقیقی ادارے، صنعتی وتجارتی کمپنی، گورنمنٹ کے شعبہ یا کسی تعلیمی ادارہ نے مہیا کیا ہو یہ ایک عوامی کتب خانہ کی ایک خصوصیت رکھتی ہوئی شاخ بھی ہوسکتی ہے جو کسی خاص دلچسپی یا پیشہ سے متعلق لوگوں کی خدمت پر معمور ہو، مثلاً ایک ٹیکنیکل کتب خانہ یا ایک خصوصی مضمون کا کتب خانہ جو اس مضمون سے متعلق تمام ضرورتوں کو پورا کرتا ہو مثلا ایک موسیقی کا کتب خانہ''

### خصوصی نوعیت کتب خانہ کے مقاصد

خصوصی کتب خانہ اپنے بانی اور ادارے کا اٹوٹ جز ہوتا ہے اس کے سرگرمیوں کی بھرپور حمایت کرتا ہے۔ خصوصی کتب خانے کا بنیادی مقصد بانی تنظیم کے پروجکٹوں اور پروگراموں پر مبنی حالیہ اور گزشتہ موادوں کا مجموعہ جمع کرنا۔ اس کا مقصد استعمال کنندگان کی درخواست پر تازہ ترین معلومات کو فوری طور پر فراہم کرنا ہے۔

### خصوصی نوعیت کا کتب خانہ کے کام اور خدمات

خصوصی نوعیت کتب خانہ فہرستوں کو مرتب کرنے کے لیے علمی مواد کی بھرپور تلاش کرتا ہے۔ قارئین کی ضرورت کے لیے تازہ علمی مواد کا انتخاب حصول، تنظیم، ذخیرہ کاری اور تخریج کرتا ہے۔

- دستیاب معلومات کا تجزیہ کرتا ہے، انہیں مربوط کرتا ہے اور ان کی موزونیت کا اندازہ کرتا ہے۔
- قارئین کے لیے مضامین کی تازہ صورت حال کی رپورٹ، تنقیدی تبصرے کتابچے، تحقیق پر مبنی رپورٹ کی نقل ثانی اور مضامین فراہم کرتا ہے۔
- اشاریہ مضامین، تلخیص اور اقتباسات مہیا کرتا ہے۔
- فہرست اندراج کتب، بلٹن، خبرنامے، اختصارات، دستی کتاب/مینول اور کتابیات تیار کرتا ہے۔
- کتابوں کا اجراء کرتا ہے اور بین کتب خانہ لین دین خدمات فراہم کرتا ہے۔
- حوالہ جاتی اور مشاوراتی خدمات فراہم ہے۔
- تازہ معلومات واقفیت خدمت (کیس) منتخب معلومات تشہیر خدمت (ایس ڈی آئی) اور ترجمہ خدمت فراہم کرتا ہے۔

### خصوصی نوعیت کتب خانہ کے اقسام

خصوصی کتب خانہ کی مندرجہ ذیل اقسام

- سرکاری کتب خانہ



نوٹس

پارلیمنٹ کتب خانہ نئی دہلی

سنٹرل سکریٹریٹ کتب خانہ، نئی دہلی

- سوسائٹیوں اور اداروں کے کتب خانہ

یو پی ہسٹوریکل سوسائٹی، لکھنؤ

ورلڈ پوئٹری سوسائٹی انٹرنیشنل، چنئی

- صنعتی وتجارتی تنظیمیں

لارسن اورٹوبرو کتب خانہ، ممبئی

بھارت ہیوی الیکٹرکلس لیمٹیڈ کتب خانہ، نئی دہلی

- تحقیقی ادارے

انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ، نئی دہلی

انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ کتب خانہ، نئی دہلی

- علمی ادارے

انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی، نیو دہلی، ممبئی، چنئی، کانپور وغیرہ

اسکول آف پلاننگ اینڈ آرکی ٹیکچر، نئی دہلی

لال بہادر شاشتری انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ۔ نئی دہلی

- عوامی کتب خانے

نیو پارک پبلک لائبریری، سائنس ڈویژن، نیو پارک

### خصوصی نوعیت کتب خانے کی مثالیں

1۔ آئی آئی پی ایم کتب خانہ، نئی دہلی

2۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف امیونولوجی، نئی دہلی

### متن پر مبنی سوالات 2.6

1۔ خصوصی نوعیت کتب خانوں سے ملنے والی خدمات کی فہرست بنائیے۔

2۔ سائنس، ٹکنالوجی، اور میڈیسن کے میدان میں دنیا چند مشہور کتب خانوں کے لکھیے۔



نوٹس

## 2.7 قومی کتب خانہ

بیشتر مما لک میں ایک قومی کتب خانہ ہوتا ہے جس کی دیکھ ریکھ قومی سرمائے سے ہوتی ہے۔ان کی ذمہ داری عام طور پر قومی کتابیات کو شائع کرنا ہوتا ہے۔قومی کتب خانے قوم کے ادبی وسائل کو جمع کرتے ہیں اور ان کا تحفظ کرتے ہیں۔زیادہ تر قومی کتب خانے ملک میں چھپنے والی کتابوں اور رسائل کی ایک کاپی کو حاصل کرنے کا قانونی حق رکھتے ہیں۔

قومی کتب خانہ خاص طور سے قومی حکومت کے ذریعہ قائم کیا جاتا ہے۔ اور اس کی مالی مدد بھی قومی حکومت کے لیے معلومات واطلاعات کا اعلیٰ وافضل ذخیرہ جمع کرنا ہے۔

### قومی کتب خانہ کی تعریف

ہیروڈ کی کتاب ،''لائبریرینس گلوسری (1987)'' گلاقومی کتب خانہ کی وضاحت ایک کتب خانہ کے طور پر کی گئی ہے۔ جوحکومت کے فنڈ سے قائم رہتا ہے اور جو پوری قوم کی خدمت کے لیے ہوتا ہے۔اس میں زیادہ تر حوالہ جاتی کتابیں ہوتی ہیں۔ ان کو کتابی مواد عام طور پر لیگل ڈپازٹ قانون کے تحت حاصل ہوتا ہے۔اس طرح کے کتب خانوں کا کام عام طور پر اشاعتی موادوں کتابوں ، رسائل، اخبارات، اور مطبوعہ اور دوسرے علمی میڈیا موادوں کو قومی ورثے کے طور پر محفوظ رکھنا اور ان کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ رکھنا ہے۔ اس میں کامیابی کے لیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ پبلشرز اس قانون کے پابند ہوں کہ وہ اپنی ہر کتاب کا نسخہ کتب خانہ میں جمع کریں اور ملک سے متعلق دوسرے مما لک میں شائع کتابوں کو کتب خانہ خرید کر حاصل کرے۔

### قومی کتب خانہ کے مقاصد اور ذمہ داریاں

قومی کتب خانہ کا خاص مقصد ملک میں مطبوعہ اور دوسرے ذرائع سے وجود میں آئے مواد اور ملک کے باشندوں کے ذریعہ دوسرے مما لک میں شائع یا ملک سے متعلق دوسرے مما لک میں مطبوعہ یا دوسرے ذرائع سے وجود میں آئے مواد کو شناخت کرے ،حاصل کرتے ،انہیں ترتیب دے اور ضرورت پر انہیں نکال سکے۔

ایشیا اور بحرالکاہلی علاقہ میں قومی لائبریری فروغ سے متعلق علاقائی سیمینار، جونیلا میں 1964 میں منعقد ہوا تھا کی فائنل رپورٹ قومی کتب خانے کے فرائض کے بارے میں درج ذیل سفارشات پیش کی گئیں:

- ملک کے کتب خانوں کے لیے کے درمیان قیادت فراہم کرنا۔
- ملک میں شائع ہونے والی جملہ مطبوعات کے لیے مستقل ذخیرہ خانہ کا رول ادا کرنا۔



نوٹس

- دوسرے اقسام کے مواد حاصل کرنا
- کتابیاتی خدمات فراہم کرنا
- امداد باہمی کی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایک تنظیمی مرکز کا رول ادا کرنا
- گورنمنٹ کو خدمت فراہم کرنا۔

**قومی کتب خانہ کی مثالیں:**

مختلف ممالک کے وسیع الذخیرہ قومی کتب خانے ہیں جو قومی کتب خانہ کے جملہ کاموں کو انجام دیتے ہیں کتب خانے ہیں:

1۔ ہندوستان قومی کتب خانہ ہندوستان

http://www.nationallibrary.gov.in/

2۔ لائبریری آف کانگریس (ایل سی)، یو، ایس اے

http://www.loc.gov/index.html

3۔ نیشنل کتب خانہ، یو کے

http://www.bl.uk/

4۔ نیشنل لائبریری آف کناڈا، کناڈا

http://www.ottawakiosk.com/national_library.html

گزشتہ چند دہائیوں کے دوران قومی کتب خانوں کے کاموں کے دائرہ میں بہت اضافہ ہوا ہے۔نتیجہ میں ان میں سے بہت سے کام چند قومی کتب خانوں میں جو مختلف ممالک میں وجود میں آئے ہیں، ایک جیسے ہیں۔ہم انہیں (الف) ان کے کام (ب) مضامین (ج) خدمت پانے والا مخصوص گروپ (د) قسم مواد علمی جس کا ذخیر کیا جارہا ہے(و) ذیلی قومی کتب خانہ جو ایک جغرافیائی علاقہ یا ثقافتی حلقہ کو خدمت فراہم کرتا ہے(ہ) ذخیرہ میں شریک کا عمل ۔ یہ کتب خانے ذیل میں ہیں۔

| نمبر شمار | قسم | علاقہ/کام | مثلا |
|---|---|---|---|
| 1۔ | کاموں کے لحاظ سے | اجرائے کتب | برٹش لائبریری ، ڈاکومنٹس سپلائی سروس یو کے |
| 2۔ | مضامین کے لحاظ سے | ادویات<br>زراعت | نیشنل میڈیکل کتب خانہ، ہندوستان<br>نیشنل ایگریکلچر ل کتب خانہ یو۔ایس اے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 3۔ | مخصوص گروہ جس کو خدمت دی جاتی ہے | نابینا افراد | قومی کتب خانہ برائے نابینا افراد، یو، کے |
| 4۔ | ذیلی قومی جو کسی جغرافیائی علاقہ یا ثقافتی گروپ کو خدمت دیتا ہے | علاقہ/ریاست/ثقافتی گروہ | قومی کتب خانہ برائے ویلس یو۔کے قومی کتب خانہ برائے سربیا |
| 5۔ | شرکت داری کے ساتھ | شراکت داری عمل | ریاست اور آر ہوس یونیورسٹی لائبریری، ڈنمارک |

## متن پر مبنی سوالات 2.7

1۔ مخصوص کتب خانہ قومی کتب خانہ سے کس طرح مختلف ہے؟

2۔ انٹرنیٹ سے یہ تلاش کیجیے کہ کیا کوئی ایسا کتب خانہ ہے جو بہرے اور گونگے افراد کی خدمت کرتا ہے؛(a) ہمارے ملک میں (b) دوسرے ممالک میں۔

## آپ نے کیا سیکھا

- اس سبق میں ہم نے آپ کو مختلف قسم کے کتب خانوں سے واقف کرایا۔ یہ کتب خانے مختلف لوگوں کی معلومات کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں۔
- ہم نے ہر قسم کے کتب خانوں، تعلیمی خصوصی نوعیت کے، عوامی اور قومی کی تعریف اور ان کی خدمات سے آپ کو واقف کرایا مجموعی طور پر یہ کتب خانے مختلف قسم کے قارئین کی عام خدمات اور خصوصی نوعیت کی خدمات کرتے ہیں۔
- اونچے درجوں میں اس قسم کے کتب خانوں سے آپ کی جانکاری کے ذخیرہ کی ماہیت اور ان کی خدمات کی جانکاری کی بدولت آپ کو ان کے بارے میں مزید جانکاری حاصل کرنے کی خواہش ہوگی۔

## کت خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

- عوامی کتب خانے سماجی ادارے ہوتے ہیں۔ یہ عوام کے مختلف گروپ کو معلومات کی تشہیر کی خدمت دیتے ہیں۔ ان کا ذخیرہ کتب سماجی، سیاسی، معاشی اور ثقافتی مضامین پر مشتمل ہوتا ہے۔
- تعلیمی کتب خانے طلباء، اساتذہ اور تحقیق کے لوگوں کو خدمت فراہم کرتے ہیں۔
- خصوصی کتب خانے مخصوص علمی صلاحیت کے افراد کو تحقیق سے شغف رکھنے والوں کو خصوصی دائرہ علم میں خدمت فراہم کرتے ہیں۔
- قومی کتب خانوں کے ذخیرے ہر زبان میں اور ہر قسم کے علمی مواد پر مشتمل ہوتے ہیں کیونکہ انہیں پوری قوم کو خدمت فراہم کرنی ہوتی ہے۔
- مختلف کتب خانوں کے درمیان بہت نمایاں فرق نہیں ہوتا۔ انتظامی اور انجینئرنگ اور میڈیکل کالج کے کتب خانے تعلیمی کتب خانہ کے ساتھ ساتھ خصوصی نوعیت کتب خانے بھی ہیں۔ عوامی کتب خانے کسی خاص گروپ کی ضرورت کے لیے یا بالغ عمر طلباء کی ضرورت کے لیے ذخیرہ کاری کی کوشش کرسکتے ہیں۔



### اختتامی سوالات

1۔ ایک عوامی کتب خانہ کے اہم کاموں کو لکھیے۔
2۔ کالج کتب خانہ کے کاموں کو بیان کیجیے۔
3۔ آپ نے جس کسی خصوصی نوعیت کتب خانے کو دیکھا ہے اس کے کاموں کو بیان کیجیے۔

### متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**2.2**

1۔ قارئین کی بڑھتی ہوئی تعداد، جملہ مضامین میں معلوماتی وسائل کی بڑی تعداد اور مختلف اقسام کی معلومات کی مانگ کی بدولت کتب خانوں کو اقسام میں تقسیم کا عمل وجود میں آیا۔
2۔ قارئین کی ضرورتوں کی تکمیل کے تحت چار قسم کے کتب خانوں کی شناخت کی گئی ہے: تعلیمی کتب خانے، خصوصی نوعیت کتب خانے، عوامی کتب خانے اور قومی کتب خانے۔

نوٹس

**2.2**

1۔ درج ذیل میں یونیسکو کے ذریعہ دیے گئے عوامی کتب خانوں کے کاموں کو اختصار کے ساتھ دیا جارہا ہے۔
- مرکز برائے معلومات؛
- مرکز برائے تعلیم خود؛
- مرکز برائے ثقافت اور؛
- مرکز برائے مقامی ثقافتی مواد؛

2۔ سوال مرتب کیا جاسکتا ہے۔ جوابات میں اختلاف ہے

**2.3**

1۔ اسکول کتب خانہ کے مقاصد ہیں کتابوں کے مطالعہ کے لیے دلچسپی پیدا کرنا اور اسکول قائم رکھنا، کتاب کے لیے شوق پیدا کرنا، مطالعہ کی عادت کو فروغ دینا اور بچوں میں ترسیل کی صلاحیت پیدا کرنا۔

2۔ بچوں میں نئی مطبوعات پر سرسری نظر ڈالنے کا شوق پیدا کرنا اور مختلف مضامین کی نئی قسم کی کتابوں کے بارے میں ان کی واقفیت کو ابھارنا۔

**2.4**

1۔ کالج میں لائبریری کمیٹی کا صدر پرنسپل ہوتا ہے اور ممبر سکریٹری لائبریرین ہوتا ہے۔ کالج لائبریری کمیٹی میں فیکلٹی کے چند ممبران اور ایک بیرونی ماہر لائبریری سائنس ایک کالج کی لائبریری کمیٹی کو تشکیل دیتے ہیں۔

2۔ کالج کتب خانہ کی تین ایسی خدمات جو اسے اسکول کتب خانہ سے مختلف بناتی ہیں درج ذیل ہیں:
- نقل فراہمی (ریپروگریفک) خدمات؛
- طلباء کو تربیت دینا کہ وہ کتب خانہ کے موجودہ وسائل کا بہتر طور پر استعمال کرسکیں۔
- طلباء کو کارڈ کٹیلاگ اور کمپیوٹرائز کٹیلاگ استعمال کرنے میں مدد دینا؛



نوٹس

**2.5**

1۔ یونیوسٹیاں چار قسیم کی ہوتی ہیں۔ روایتی یونیورسٹیاں، پیشہ ورانہ یونیورسٹیاں، یونیورسٹی حیثیت سے تسلیم شدہ یونیورسٹیاں اور ہراوپن یونیورسٹیاں ؛

2۔ قارئین یونیورسٹی کتب کانہ میں عام طالب علموں کی بڑی تعداد ، ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلباء ، یونیورسٹی طلباء ایم فل اور پی ایچ ڈی طالب علم، پوسٹ ڈاکٹوری ریسرچ اسکالر ، مختلف تعلیمی اور ایگزیکیٹو اداروں، مینجمنٹ انتظامیہ اور پیشہ ورانہ عملہ، یونیورسٹی کتب خانے کے استعمال کنندگان ہوتے ہیں۔

**2.6**

1۔ خصوصی نوعیت کتب خانہ عموماً درج ذیل خدمات فراہم کرتا ہے۔

- جامع فہرستوں کی تیکمیل کے ادب کی گہرائی سے کھوج کرتی ہیں۔
- قارئین کو درکار تازہ ترین معلومات دینے کے لیے معلومات کا انتخاب، ان کا حصول، ترتیب کاری، ذخیرہ کاری اوراس کی تخریج کرتا ہے۔
- دستیاب معلومات کا تجزیہ، امتزاج اوراس کی موزونیت کا اندازہ کرتا ہے۔
- مضمون کی تازہ ترین حال کی رپورٹ کی فراہمی ، تنقیدی تبصرہ ، کتابچے، تحقیقی رپورٹ، اور مضمون کی نقل ثانی فراہم کرتا ہے۔
- اشاریے، تلخیص موادوراقتباسات فراہم کرتا ہے۔
- فہرست اندراج، بلٹین ، خبرنامہ، اختصارات، دستی کتابیں یا کتابچہ، کتابیات وغیرہ مرتب کرتا ہے۔
- موادعلمی کا اجراء وبین کتب خانہ لین دین۔
- حوالہ جاتی اور مشاورتی خدمات فراہم کرتا ہے۔
- تازہ علمی موادواقفیت فراہمی خدمات ، کسی منتخب موادکی تشہیری خدمات اورترجمہ خدمات فراہم کرتا ہے۔

2۔ سوال مرتب کیا جاسکتا ہے۔ جوابات میں اختلاف ہے



نوٹس

## کتب خانوں اور معلوماتی مراکز کے اقسام

2.7

1۔ خصوصی نوعیت کتب خانہ خصوصی نوعیت کا علمی مواد کا ذخیرہ حاصل کرتا ہے اور وہ مخصوص طالب مواد کو خصوصی قسم کی معلوماتی اور حوالہ جاتی خدمت فراہم کرتا ہے جب کہ قومی کتب خانہ ہر طرح کی معلومات کے ذخیرہ کرتا ہے جو سبھی زبانوں میں ہوتا ہے اور عام خدمت سے مخصوص نوعیت خدمت تک تمام ضرورت مند قارئین کو خدمت فراہم کرتا ہے۔

2۔ کھلے سروں کے سوالات جن کے جوابات مختلف ہو سکتے ہیں۔

## اصطلاحات

**متوقع معلوماتی خدمت:** کتب خانے معلومات کی متوقع طلب کا اندازہ لگا کر ان کی فراہمی کا کام انجام دیتے ہیں۔

**کتابیات:** کتابوں اور سمعی وبصری مواد کی فہرست کو منطقی ڈھنگ سے ترتیب دینا جس میں مصنف عنوان، تاریخ اشاعت، مقام اشاعت وناشر، اڈیشن، صفحات وغیرہ درج ہوں۔

**سوانحی مطبوعات کی نجی:** اس سے مراد ذاتی زندگی کا غیر افسانوی ہے بیان اگر چہ کہانی کی شکل میں بھی سوانح حیات لکھی جاسکتی ہے۔

**سوانح حیات:** کسی کی زندگی کا مفصل احوال

**بین کتب خانہ لین دین:** ایک خدمت جس کے تحت ایک کتب خانہ کا قاری، کتب خانہ کی کتاب یا دستاویزات اس کی فوٹو کاپی حاصل کرسکتا ہے۔

**عوامی ذرائع ابلاغ:** عوام تک خبریں وغیرہ پہنچانے کے ذرائع مثلاً ٹیلی ویژن، ریڈیو، فلم، اخبارات وغیرہ مطبوع مواد/ غیر کتابی مواد/ ابلاغی مواد۔ کتب خانہ کے وہ علمی مواد جو کتاب، رسائل اور پمفلٹ کی تعریف میں نہیں آتے اور جنہیں استعمال کے سلسلے میں خصوصی طریقہ اپنایا جاتا ہے۔ یہ سمعی وبصری مواد، فوٹو گرافک، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل مواد ہیں۔

**ذخیرہ گاہ:** اس جگہ کو جہاں علمی مواد کو موسم اور دوسرے عوامل سے محفوظ کر کے رکھا جاتا ہے اسے مخزن کتب کہا جاتا ہے۔

**نقل فراہمی خدمات:** کتاب یا رسائل کے صفحات کی نقول جو کتت خانہ سے قارئین کو ملتی ہیں۔

**طلب مبنی معلوماتی خدمات:** کتب خانہ خدمات جو فرد کی طلب کی بنیاد پر فراہم کی جاتی ہیں۔

**اسٹیٹ آف دی آرٹ رپورٹ/** مضمون میں ایٹک کی پیش رفت: کسی مضمون کے دائرہ میں یا مسئلہ میں

پیش رفت کا بیان جو ایک منظّم بھرپور اور ناقدانہ جائزہ مضمون کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مواد پر مبنی ہوتا ہے۔

**ٹیکنیکل رپورٹ:** ایک علمی مواد جو ٹیکنیکل یا سائنٹفک تحقیق کے طریقہ عمل، پیش رفت یا نتیجہ کا بیان کرتی ہے یا کسی سائنٹفک یا ٹیکنیکل تحقیقی مسائل کے صورت حال کا بیان کرتی ہے۔

نوٹس

## مجوزہ سرگرمیاں

1۔ عوامی، اسکول، کالج یونیورسٹی اور خصوصی کتب خانہ جو آپ کے علاقہ میں موجود ہے وہاں جایئے تاکہ انہیں دیکھ کر آپ کو ان کتب خانوں کے بارے میں ذاتی طور پر معلومات ہو جائے۔

2۔ کتب خانوں کو دیکھنے کے بعد ان کے بارے میں ایک مضمون لکھیے جو کم از کم 500 الفاظ کا ہو۔

3۔ قومی کتب خانہ، کلکتہ کی ویب سائٹ دیکھیے قومی کتب خانہ کی خاص سرگرمیوں کے بارے میں لکھیے۔

## ویب سائٹ

1. http://www.ala.org/educationcareers/careers/librarycareerssite/typesoflibraries
2. http://lis510-libraries.wikispaces.com/Different+types+of+libraries
3. http://theindexer.hubpages.com/hub/The-three-main-types-of-library
4. http://www.netugc.com/librarians-in-different-types-of-libraries